
FORMAN CHRISTIAN COLLEGE LAHORE

# NEWSLETTER

# خبر نامہ



## Department of Urdu

## شعبۂ اُردُو

## In This Issue:


- Editorial
- Message from HOD
- Teaching Faculty
- Responsibilities & Committees
- Forman Urdu Conference 2019
- Art & Literary Circle
- Teaching & Learning Forum
- Intermediate Free Book Bank
- Library Resources
- Events
- Achievements
- Services to Broader Community







## Patron in Chief:

Dr. Aneel Samuel

## Editor:

Mr. Muhammad Zafar Iqbal

## Co-Editors:

Ms. Hina Patrick
Mr. Johnson Rehmat
Mr. Muhammad Azeem Siddique

## Advisory Board:

Prof. Tahir Masood
Dr. Shahida Dilawar Shah
Dr. Abida Batool

# Editorial

## اداریہ



شعبۂ اُردُو طلبا کی ذہنی، اخلاقی، فکری، عملی، تعلیمی، ادبی، تخلیقی اور فنونِ لطیفہ کی مخفی صلاحیتوں کو بیدار کرنے میں شب و روز کوشاں ہے اور اُردُو زبان و ادب میں نئے امکانات و رجحانات کو فروغ دے رہا ہے۔

محترم قارئین! شعبۂ اُردُو کے نیوز لیٹر سیشن 19-2018 کا نقشِ اوّل پیشِ نظر ہے۔ نیوز لیٹر کا یہ شمارہ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے تنوّع اور ندرت کے باعث انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اِس شمارے میں شعبۂ اُردُو کی مختلف تخلیقی و تعمیری کاوشوں کی تصویر پیش کی جا رہی ہے۔ اُمید ہے اہلِ ذوق اِس اوّلین پیش کش کی پذیرائی اور حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

محمد ظفر اقبال
ایڈیٹر

# Message from HOD

# صدرِ شعبہ کا پیغام



Dr. Aneel Samuel

اُردُو زبان دنیا کی چند بڑی زبانوں میں سے ایک ہے۔ اُردُو ادب کا سرمایہ ہماری نوجوان نسل کی آبیاری کے لیے انتہائی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے اِس دوَر میں اُردُو زبان و ادب ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد میں اعلٰی انسانی اقدار کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ شعبۂ اُردُو طلبا کی امتحانات میں شاندار کامیابی کے حصول کے ساتھ ساتھ کردار سازی میں بھی کوشاں ہے۔

Urdu Language is one of the most spoken languages of the world. The asset of Urdu Literature can play a vital role in development of our young generation. In this era of science and technology, Urdu Literature helps in inculcating human values in individuals from every walk of life. Department of Urdu is engaged in students' character building along with preparing them to achieve good marks.

# Teaching Faculty
# Department of Urdu



Dr. Aneel Samuel
Head of Department
Assistant Professor



Mr. Tahir Masood
Professor



Dr. Shahida Dilawar Shah
Professor



Dr. Abida Batool
Associate Professor



Mr. Shahzad Ansar
Assistant Professor



Ms. Misbah Kanwal
Assistant Professor


Ms. Hina Patrick
Assistant Professor


Mr. Muhammad Zafar Iqbal
Assistant Professor


Mr. Johnson Rehmat
Lecturer


Mr. Muhammad Azeem Siddique
Assistant Professor


Ms. Sumera Kanwal
Lecturer


Mr. Asif Silas
Lecturer

# Committees & Responsibilities 2018-2019

- Coordinator:
  Ms. Misbah Kanwal

- Staff Officer:
  Mr. Asif Silas

- Stationery:
  Mr. Johnson Rehmat

- Art & Literary Circle:
  Mr. Shahzad Ansar
  Mr. Asif Silas
  Mr. Muhammad Azeem Siddique

- Intermediate Free Book Bank:
  Mr. Muhammad Zafar Iqbal
  Mr. Johnson Rehmat

- Event Management:
  Ms. Hina Patrick
  Ms. Sumera Kanwal
  Mr. Muhammad Azeem Siddique

- Intermediate Library Urdu Books:
  Mr. Muhammad Zafar Iqbal
  Mr. Johnson Rehmat

- Forman Urdu Conference 2019:
  Prof. Tahir Masood
  Mr. Shahzad Ansar
  Ms. Misbah Kanwal
  Mr. Muhammad Zafar Iqbal
  Mr. Johnson Rehmat

- Teaching & Learning Forum:
  Prof. Tahir Masood
  Ms. Hina Patrick

- Examination Committee:
  Prof. Tahir Masood,
  Dr. Shahida Dillawar
  Dr. Abida Batool,
  Mr. Shahzad Ansar
  Mr. Muhammad Zafar Iqbal

- Newsletter Editorial Board:
  Mr. Muhammad Zafar Iqbal
  Ms. Hina Patrick
  Mr. Johnson Rehmat
  Mr. Muhammad Azeem Siddique

Newsletter Advisory Council:

Prof. Tahir Masood
Dr. Shahida Dilawar Shah
Dr. Abida Batool

# فارمن اُردُو کانفرنس 2019
# FORMAN URDU CONFERENCE 2019

شعبۂ اُردُو،فارمن کرسچن کالج (چارٹرڈ یونیورسٹی)، لاہور کے زیر اہتمام تیسری فارمن اُردُو کانفرنس 2019ء کا انعقاد ہوا۔یہ ایک روزہ کانفرنس 25-اپریل 2019ء کو کالج آڈیٹوریم E-038 میں منعقد ہوئی، جس کا مقصد تدریس، نصاب، تخلیق اور تنقید کے تناظر میں قومی زبان و ادب کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔

## افتتاحی سیشن
## Inaugural Session

افتتاحی سیشن کی صدارت ڈاکٹر جیمز اے۔ ٹیبی (ستارۂ امتیاز)، ریکٹر ایف۔ سی۔ کالج یونیورسٹی نے کی۔ حر ف آغاز میں پروفیسر طاہر مسعود، چیف کوآرڈینیٹر نے فارمن اُردُو کا نفرنس کے اغراض و مقاصد پیش کیے۔ ڈاکٹر انیل سیموئیل صدر شعبہ اُردُو نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور شرکائے کانفرنس کی اُردُو زبان و ادب سے محبت و وابستگی کی ستایش کی۔ ڈاکٹر سفیان اسلم، وائس ریکٹر، ایف۔سی۔کالج نے شعبہ اُردُو کی خدمات کو سراہا اور کانفرنس کے انعقاد پر مبارک باد دی۔ ریکٹر، ڈاکٹر جیمز اے۔ ٹیبی نے کہا کہ زبان کا رشتہ دل سے ہوتا ہے اور ہمارے دل کا اظہار اُردُو سے ہے، یہی سبب ہے کہ ایف۔سی کالج یونیورسٹی میں اُردُو کو گریجوایشن کی سطح پر بطور لازمی مضمون پڑھایا جاتا ہے۔




Dr. James A. Tebbe (Rector, FCCU) is addressing the inaugural session of Forman Urdu Conference 2019.



Dr. Aneel Samuel is presenting flowers to Dr. James A. Tebbe (Rector, FCCU).

# پہلا سیشن: مثالی اُردو نصاب کی بنیادیں
# Foundations of an Ideal Urdu Curriculum




Dr. Muhammad Saeed is presenting his paper while Dr. Kawaja Muhammad Zikria, Dr. Najeeb Jamal and Dr. Najeeba Arif are appreciating.

کانفرنس کے پہلے باقاعدہ سیشن ”مثالی اُردو نصاب کی بنیادیں“ کی صدارت پروفیسر ایمریطس ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا (صدارتی تمغۂ حسن کارکردگی) نے کی۔ ڈاکٹر نجیب جمال، ڈاکٹر نجیبہ عارف اور ڈاکٹر محمد سعید نے اکیسویں صدی اور مستقبل کے تقاضوں کے پیشِ نظر مثالی اُردو نصاب کو رائج کرنے میں حائل رکاوٹوں اور تجاویز پرمشتمل اہم مقالات پیش کیے۔



Dean of Humanities, Dr. Nukhbah Langah is presenting flowers to Dr. Khawaja Muhammad Zikria for presiding the first session.



Dr. Nukhbah Langah is presenting souvenir to Dr. Najeeb Jamal.



Dr. Nukhbah Langah is presenting souvenir to Dr. Najeeba Arif.

# دوسرا سیشن: تخلیق اور تخلیقی عمل
# Creativity and Inventiveness




Dr. Aneel Samuel (Moderator) is initiating the dialogue with participants (L to R) Raza Naeem, Amna Mufti and Akhtar Raza Saleemi.

کانفرنس کا دوسرا سیشن "تخلیق اور تخلیقی عمل" پر ایک مکالمہ تھا جس کے ماڈریٹر ڈاکٹر انیل سیموئیل نے معروف تخلیق کاروں اختر رضا سلیمی، رضا نعیم اور آمنہ مفتی کے ساتھ گفتگو کو آگے بڑھایا۔ شرکائے مکالمہ نے فکشن اور خصوصاً ناول کے تخلیقی تجربات بیان کیے اور ان تخلیقی تجربات کی تدریسِ ادب میں اہمیت پر بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔



Dr. Ivan Suneel (Vice Rector, FCC) is presenting souvenir to Ms. Amna Mufti



Dr. Ivan Suneel (Vice Rector, FCC) is presenting souvenir to Mr. Raza Naeem.



Dr. Ivan Suneel (Vice Rector, FCC) is presenting souvenir to Mr. Akhtar Raza Saleemi.

# مشاعرہ
# Mushaira




(L to R) Dr. Shahida Dilawar Shah, Akhtar Raza Saleemi, Abbas Tabish, Nazir Qaiser (presiding poetry session), Dr. Akhtar Shumar, Hameeda Shaheen, Ahsan ul Haq Mazhar are sitting while Wajid Ameer is presenting his poetry.

ظہرانے کے بعد محفل مشاعرہ کی میزبانی شعبہ اُردو کے چیئرپرسن ڈاکٹر اختر شمار نے کی۔ مشاعرے کی صدارت آدم جی ایوارڈیافتہ ممتاز شاعر نذیر قیصر نے کی۔ شعرائے کرام میں عباس تابش، حمیدہ شاہین، واجد امیر، اختر رضا سلیمی، احسان الحق مظہر اور ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ نے اپنا اپنا کلام پیش کر کے بھرپور داد وصول کی۔



Dr. Gloria Calib (Associate Vice Rector, FCCU) is presenting flowers to renowned Poet Nazir Qaiser for presiding Mushaira.




The Faculty & Audience are getting amused with poetry.




Dr. Akhtar Shumar is hosting the Mushaira.

# حلقہ فنون و ادب
# Art & Literary Circle




Dr. James A. Tebbbe (Rector) with HOD Urdu, ALC Advisors and ALC students body.

شعبہ اردو (انٹرمیڈیٹ) نے 2014ء میں حلقہ فنون و ادب (ALC) کی بنیاد رکھی۔یہ سوسائٹی طلبا کی ادبی و تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے اور ان میں موجود فنونِ لطیفہ کے ٹیلنٹ کو منظر عام پر لانے کے لیے کوشاں ہے۔ ALC کا مقصد ادب اور آرٹ کے ذریعے "محبت سے سرشار ہو کر ایک دوسرے کی خدمت" جیسا جذبہ پروان چڑھانا ہے ۔

## میوزک سیمینار
## Music Seminar

ملک کے معروف سیکسوفونسٹ اور نیشنل کالج آف آرٹس میں تدریسی خدمات انجام دینے والی شخصیت طلحہ خان کی سہولت کاری میں "موسیقی اور انسانی نفسیات " کے موضوع پرمیوزک سیمینار کا اہتمام کیا گیا جس میں انٹر میڈیٹ کے علاوہ یونیورسٹی کے طلبا اور طالبات نے بھی بھر پور شر کت کی۔ طلحہ خان نے ہماری زند گی میں موسیقی کی اہمیت اور اس کے نفسیاتی اثرات پر جامع اور مدلل گفتگو کی اور طلبا کے سوالات کے جوابات بھی دیے۔



Talha Khan from NCA is playing Sexophone during the music seminar at FCC.

# ادبی تنقیدی اجلاس
# Sessions of Literary Criticism



A group photo after the session.

تدریسی سال کے دوران طلبا میں تخلیقی و تنقیدی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے ہفتہ وار "ادبی تنقیدی اجلاس" کا اہتمام کیا گیا۔ جن میں انٹر میڈیٹ کے طلبا نے غزلیات، منظومات، افسانوں اور تراجم پر مبنی فن پارے پیش کیے۔ صدارت کرنے والی اہم شخصیات میں ڈاکٹر اختر شمار، ڈاکٹر نجیب جمال اور پرفیسر طاہر مسعود شامل ہیں۔



# فارمنائٹ آف دی ائیر
# Formanite of the Year

حلقہ فنون و ادب کا سالانہ مقابلہ "فارمنائٹ آف دی ائیر" ایک اہم سرگرمی ہے۔ اس کا بنیادی مقصد طلبا میں ایف ۔سی۔ سی کی بنیادی اقدار کو اجاگر کرنا ہے۔ فارمنائٹ آف دی ائیر مجموعی طور پر تعلیمی، جسمانی، ذہنی، تخلیقی اور تنظیمی صلاحیتوں کے حامل طالب علم کو قرار دیا جاتا ہے۔ اس سال یہ مقابلہ پانچ راؤنڈز پر مشتمل تھا جس میں ابتدائی آزمائش کے بعد تین سو طلبا رجسٹرڈ ہوئے۔ حتمی طور پر سالِ اول کے طالب علم محمد انس غازی اس مقابلے میں فاتح کی حیثیت سے "فارمنائٹ آف دی ائیر 2019" قرار پائے۔







# “By Love Serve One Another” لائبریری گفٹ



Dr. C. J. Dubash is unveiling the gifts of books for young students of Light of Hope School.

فارمنائٹ آف دی ائیر مقابلہ میں شریک طلبا کی مدد سےچوتھے راؤنڈ میں خصوصی "فنڈ ریزنگ " کے ذریعےلگ بھگ 60 ہزار روپے مالیت کی 196کتب "لائٹ آف ہوپ سکول" میں لائبریری کی بنیاد رکھنے کے لیےبطور عطیہ پیش کی گئیں۔اس سلسلہ میں صدر شعبہ اردوڈاکٹر انیل سیموئیل کی خصوصی رہنمائی، ایڈوائزر مسٹر شہزاد انصر کی عملی کاوش اور حلقہ فنون و ادب کے طالب علم صدر محمد ولید مان اور تمام ٹیم کی ان تھک محنت قابل تحسین ہے۔

# سپرنگ فی ایسٹا
# Spring Fiesta

سپرنگ فی ایسٹا موسمِ بہار میں ادب اور فنونِ لطیفہ سے مزین سرگرمیوں پر مشتمل ایک رنگا رنگ پروگرام ہے۔ سپرنگ فی ایسٹا 2018-19 میں درج ذیل پروگراموں کا اہتمام کیا گیا جن کی میڈیا کوریج "لاہور رنگ" اور "سٹی 42" ٹی وی چینلز نے کی۔




ALC Musical Band is performing.

# میوزیکل کنسرٹ
# Musical Concert

سپرنگ فی ایسٹا کے افتتاحی پروگرام میں میوزیکل بینڈ کے نو منتخب فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا جس میں انٹر میڈیٹ سالِ اول کے طالب علم وشوا کی سیکسوفون پر پرفارمنس کو بہت سراہا گیا۔



Students are performing in ALC Annual Play

# سالانہ ڈراما

# Annual Play

اے ایل سی (ALC) کے زیر اہتمام سالانہ ڈراما پیش کیا گیا۔مسٹر شہزاد انصر کے تحریر کردہ مزاحیہ ڈراما "محبت ففتی ففتی" کی ہدایات مسٹر آصف سیلاس نے دیں جب کہ اے ایل سی کی ڈراما ٹیم نے اپنی دل موہ لینے والی پرفارمنس سے پروگرام کو چار چاند لگا دیے۔

More Glimpse of ALC Annual Play









# طنز و مزاح سیشن
# Satire & Humour Session

سپرنگ فی ایسٹا کی تقریبات
میں بہار کے رنگوں کو دوبالا کرنے
کے لیے طنز و مزاح کے حوالے سے
خاص سیشن کا اہتمام کیا گیا۔
طنز و مزاح کے سیشن کی
صدارت معروف مزاح نگار جناب
عطا الحق قاسمی نے کی۔ حسین
شیرازی، ڈاکٹر اشفاق احمد ورک،
یاسر پیرزادہ، گل نوخیز اختر، ناصر
محمود ملک، علی رضا اور ڈاکٹر
عائشہ عظیم نے اپنی مزاحیہ
تخلیقات پیش کیں۔



Ata ul Haq Qasmi is presiding the Tanz o Mazah session.

# محفلِ مشاعرہ
# Mehfil-e-Mushaira

طلبا میں شعری ذوق کے
فروغ اور شعری تفہیم کے
حوالے سے سالانہ محفلِ
مشاعرہ کا اہتمام بھی سپرنگ
فی ایسٹا کا حسن ہے۔ محفل
مشاعرہ کی صدارت نامور
شاعر نذیر قیصر نے کی۔
جب کہ معروف شعرا کرام نے
محفل مشاعرہ میں اپنا کلام
پیش کیا جن میں وکٹوریہ
پیٹرک، سعد اللہ شاہ، فرحت
عباس شاہ، ڈاکٹر طاہر شہیر،
ناصر بشیر، علی زریون،
تہذیب ہافی اور دیگر شامل
ہیں۔



Famous Poet Farhat Abbas Shah



Renowned Poets Tahzeeb Hafi, Ali Zariyon & Dr Tahir Shaheer.

# ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم

# Teaching and Learning Forum

2013ء میں ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم (TLF) قائم کیا گیا۔ اِس فورم کا مقصد شعبہ اردو کے اساتذہ کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں مزید نکھار پیدا کرنا ہے۔ اب تک (TLF) کے زیر اہتمام متعددِ سیمینار اور ورکشاپس کا انعقاد ہو چکا ہے۔

## بورڈ کے مطابق اُردو امتحان کی تیاری

## Preparation of BISE Urdu Exam




Dr. Aneel Samuel, Prof. Tahir Masood and Ms. Hina Patrick are initiating the discussion.

21-مارچ 2019ء کو ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم (TLF) کے زیرِ اہتمام یوئنگ میموریل لائبریری، ایف سی کالج کے جیکب لال دین سیمینار روم میں ایک ورکشاپ بعنوان ”بورڈ کے مطابق اُردو امتحان کی تیاری“ منعقد ہوئی۔ شعبہ اردو انٹر میڈیٹ کے اساتذہ نے امتحان کی تیاری کے حوالے سے باہمی گفت و شنید سے ایک دوسرے کے علم میں اضافہ کیا۔ اس میں انٹرمیڈیٹ پرچہ جات کے معروضی اور انشائیہ طرز کے سوالات و جوابات پر بھی سیر حاصل بحث ہوئی۔اس ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو فروغ دیناتھا۔

## مبادیاتِ پرچہ سازی


## Basics of Paper Setting

2-مئی 2019ء کو ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم (TLF) کے زیرِ اہتمام یوئنگ میموریل لائبریری، ایف سی کالج کے جیکب لال دین سیمینار روم میں دوسری ورکشاپ بعنوان "مبادیاتِ پرچہ سازی" کا اہتمام کیا گیا۔ اس خصوصی ورکشاپ میں سیدہ خدیجہ برہان (اسسٹنٹ پروفیسر، ایف۔سی۔سی۔یو، ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن) مہمان صلاح کار تھیں جنھوں نے ایک دلچسپ مشق کے ذریعے بلوم ٹیکسانومی کی روشنی میں سوالات کی درجہ بندی کے حوالے سے رہنمائی فرمائی ۔




Dr. Aneel Samuel is presenting a token of thanks to Syeda Khadija Burhan.

# انٹرمیڈیٹ فری بک بینک
# Intermediate Free Book Bank




Dr. James A. Tebbe with intermediate Free Book Bank Team.

شعبہ اردو کے زیرِ انتظام سال 2012ء میں "انٹرمیڈیٹ فری بک بینک" کی بنیاد رکھی گئی۔یہ سوسائٹی کالج موٹو "By Love Serve One Another" "محبت کے ساتھ ایک دوسرے کی خدمت" پر عمل پیرا رہتے ہوئے طلبا کو نصابی کتب مفت فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروفِ عمل ہے۔ اِس فریضہ کی انجام دہی کےلیے عطیات اکٹھے کیے جاتے ہیں۔ ان عطیات کی مدد سے نئی نصابی کتب خرید کر سالِ اول اور سالِ دوم کے ضرورت مند طلبا میں تقسیم کی جاتی ہیں۔ رواں سال طلبا میں کم و بیش تین سو (300) نئی کتابیں وائس ریکٹر آفس میں تقسیم کی گئیں۔ اِس کے علاوہ کتابی عطیہ جات کی صورت میں اکٹھی ہونے والی کم و بیش پانچ سو (500) استعمال شدہ کتب بھی ضرورت مند طلبا میں تقسیم کی گئیں۔ اس سوسائٹی کا بنیادی مقصد مستحق طلبا کو کتب کی مفت فراہمی ہے تاکہ وہ بغیر رکاوٹ کے محنت اور لگن سے اپنا تعلیمی سفرجاری رکھ سکیں۔



FCC Intermediate Free Book Bank Faculty & Student body.



Mr. Muhammad Zafar Iqbal & Mr. Johnson Rehmat awarding certificate to Student President Muhammad Abdullah.



Mr. Johnson Rehmat & Mr. Muhammad Zafar Iqbal awarding Certificate to Shan Masih for his services.

# انٹر میڈیٹ لائبریری میں اُردُو کتب کا اضافہ

# Addition of Urdu Books in Intermediate Library




سیشن 2018-19 کے آغاز میں شعبۂ اُردُو کے اساتذہ محمد ظفر اقبال اور جانسن رحمت نے صدر شعبۂ اُردُو ڈاکٹر انیل سیموئیل کی رہنمائی میں انٹرمیڈیٹ سالِ اوّل اور سالِ دوم کی نصابی کتب کے نثری اسباق، منظومات اور غزلیات کے بنیادی ماخذات کی فہرست مرتب کی اور ماخذات کی قریباً 50 کتب کو کالج لائبریری کے توسط سے خرید کر انٹر میڈیٹ لائبریری کی زینت بنایا۔ اِس کاوش کا بنیادی مقصد طلبا کو براہِ راست اصل ماخذ سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ اُن میں مطالعے کی رغبت اور تعلیمی و تحقیقی و فکری رجحانات کو فروغ دینا ہے۔








# تقریبات
# Events

## کرسمس
## Christmas

شعبۂ اُردُو  نے حسبِ روایت کرسمس ڈے کی تقریب کا خصوصی اہتمام کیا۔ جس میں وائس ریکٹر ڈاکٹر سی۔جے۔ڈوباش نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت فرمائی۔ اِس تقریب کا مقصد باہمی محبت اور ہم آہنگی کا فروغ تھا۔




Dr. C. J. Dubash (Vice Rector) and Urdu Faculty during Christmas Celebration.

## سالانہ گروپ فوٹو
## Annual Group Photo

مئی 2019 ء کے آغاز میں حسب ِ روایت شعبۂ اُردُو کے اساتذہ کے سالانہ گروپ فوٹو کا اہتمام کیا گیا۔




Annual Photograph 2019.

# سال گِرہ کی تقریبات

# Birthday Celebrations

دورانِ سیشن شعبۂ اُردُو کے رفقائے کار کے مابین محبت، ہم آہنگی اور باہمی رواداری
کے فروغ کے لیے انفرادی و اجتماعی سال گِرہ کی تقریبات کا اہتمام کیا جاتا رہا ہے۔



Birthday celebration of Mr. Muhammad Zafar Iqbal & Mr. Johnson Rehmat.



Birthday celebration of Prof. Tahir Masood.



Birthday celebration of Dr. Abida Batool & Ms. Sumera Kanwal

# اعزازات

# Achievements

رواں سال بھی ادارے نے اساتذہ کی تدریسی خدمات کو سراہتے ہوئے اُن کو ترقی سے نوازا۔



- مِس مصباح کنول کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں لیکچرار کے عہدہ سے اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدہ پر ترقی دی گئ۔



- مسٹر محمد عظیم صدیق کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں لیکچرار کے عہدہ سے اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدہ پر ترقی دی گئی۔

# تعلیمی قابلیت میں اضافہ

# Academic Enhancement

رواں سال شعبۂ اُردُو کے اساتذہ نے تدریسی ذوق کے پیش نظراپنی تعلیمی قابلیت میں اضافہ کیا۔



- صدرِ شعبہ اُردُو مسٹر انیل سیموئیل نے "عبداللہ حسین کے فکشن میں عصری حِسیّت" کے عنوان پر تحقیقی مقالہ تحریر کرکے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور سے Ph.D Urdu کی ڈگری حاصل کی۔



- مسٹر جانسن رحمت نے "ن۔م۔راشد اور جنس نگاری (1900ء-1947ء)" کے عنوان پر تحقیقی مقالہ تحریر کرکے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور سے M.Phil Urdu کی ڈگری حاصل کی۔



- مسٹر آصف سیلاس نے "شاہد حمید کی ادبی خدمات" کے عنوان پر تحقیقی مقالہ تحریر کرکے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور سے M.Phil Urdu کی ڈگری حاصل کی۔

# Services to Broader Community

شعبۂ اُردُو کے اساتذہ مجلسِ زبانِ دفتری، حکومت پنجاب، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور اور یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور میں بطور ممبر، کوآرڈینیٹر، ہیڈ ایگزامینر اور سب ایگزامینر خدمات سر انجام دیں۔

## Official Language Committee
## Government of Punjab


### ممبر، مجلسِ زبانِ دفتری، حکومتِ پنجاب

پروفیسر طاہر مسعود

## Allama Iqbal Open University

### کوآرڈینیٹر: ایم اے اُردُو

ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ




## BISE Lahore

### ہیڈ ایگزامینر

ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ
ڈاکٹر عابدہ بتول

### سب ایگزامینر

ڈاکٹر انیل سیموئیل
مِس حنا پیٹرک
مسٹر جانسن رحمت
مسٹر محمد عظیم صدیق
مِس سمیرا کنول
مِس مصباح کنول

## University of the Punjab
## M. A Urdu

### سب ایگزامینر

ڈاکٹر انیل سیموئیل
ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ
ڈاکٹر عابدہ بتول
مسٹر شہزاد انصر
مِس مصباح کنول
مسٹر محمد عظیم صدیق



مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں

تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں

میر تقی میرؔ

شکریہ